© rasailojaraid.com



حافظ احمد حقیق
(ناظم نشر و اشاعت جامعہ علومِ اثریہ)

# قاری عبد الرّب مکی، مولانا حنیف ملتانی، مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی
## مولانا عبد السمیع آثم اور مولانا قاری عبد الوکیل صدیقی خانپوری
# کی جامعہ علومِ اثریہ جہلم میں تشریف آوری!

○ گزشتہ دنوں جناب قاری عبد الرب مکی اور مولانا حنیف ملتانی جامعہ علومِ اثریہ (جہلم) تشریف لائے اور جہلم میں جامعہ کے تحت چلنے والے تمام اداروں اور مساجد کا دورہ کیا۔ جامع مسجد اہلحدیث، چوک اہلحدیث میں عصر کی نماز کے بعد مولانا حنیف ملتانی نے قرآنِ مجید کا درس دیا۔ آپ نے سورۃ العصر کی تفسیر بڑے موثر اور دلنشیں انداز میں بیان فرمائی، جب کہ مغرب کی نماز کے بعد آپ نے جامعہ میں طلباء اور اساتذہ سے علم و عمل کے موضوع پر بڑا مدلل اور بصیرت افروز خطاب فرمایا۔ قاری عبد الرب مکی صاحب نے عشاء کی نماز چوک اہل حدیث میں پڑھی۔ نماز کے بعد طلباء سے ان کی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے کافی دیر تک گفتگو رہی۔ رات گئے واپسی ہوئی، بوقتِ رخصت آپ دونوں حضرات کو جامعہ کی مطبوعات کے سیٹ پیش کیے گئے۔

○ انہی دنوں "انجمن سپاہِ صحابہؓ" کے سرپرستِ اعلیٰ جناب مولانا ضیاء الرحمان فاروقی بھی، رئیس الجامعہ جناب علامہ محمد مدنی سے ملاقات کے لیے جہلم تشریف لائے۔ جامع مسجد اہل حدیث، چوک اہل حدیث جہلم میں مدیر الجامعہ جناب حافظ عبد الحمید عامر نے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ ازاں بعد جامعہ میں آپ نے رئیس الجامعہ سے ملاقات کی ڈیڑھ گھنٹہ تک کی اس ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلۂ خیال ہوا۔ واپسی پر آپ کو بھی جامعہ کی مطبوعات کا سیٹ پیش کیا گیا۔

○ فاضل نوجوان، مولانا عبد السمیع آثم (جانشین حضرت العلام مولانا ابو البرکات احمدؒ) بھی جامعہ علومِ اثریہ تشریف لائے۔ آپ نے خطبۂ جمعہ جامع مسجد اہل حدیث، چوک اہلحدیث میں دیا۔ توحید و سنّت کے موضوع پر آپ کا خطاب انتہائی مدلل تھا اور سامعین بے حد مطمئن ہوئے ——— خطاب سن کر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

یہ امید بندھی کہ آپ بحمد اللہ اپنے والد بزرگوار کے صحیح جانشین ثابت ہوں گے۔

حضرت مولانا عبدالوکیل صدیقی خانپوری بھی گزشتہ دنوں جامعہ علوم اثریہ تشریف لائے۔ یہاں آپ نے "فضائل صحابہؓ" کے موضوع پر بڑا مدلل اور روح پرور خطاب فرمایا —— اللّٰھم زد فزد!

ہم تمام اراکین جامعہ ان حضرات کی جامعہ میں تشریف آوری پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے آمین!

# صوبائی وزیر تعلیم جناب عثمان ابراھیم کا دورۂ جہلم

صوبائی وزیر تعلیم جناب بیرسٹر عثمان ابراہیم نے جہلم میں اثریہ روڈ پر جدید طرز پر تعمیر شدہ اسلامک سنٹر (جامعہ علوم اثریہ) کا تفصیلی دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ چوہدری خادم حسین ایم پی اے، ڈپٹی کمشنر جہلم راجہ محمد عباس، سپرنٹنڈنٹ پولیس جہلم چوہدری محمد ریاض اور انتظامیہ کے دیگر افسران تھے۔ رئیس الجامعہ اور قائد "تحفظ حرمین شریفین موومنٹ پاکستان" علامہ محمد مدنی کے ہمراہ معزز مہمان جب جامعہ پہنچے تو مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر اور جمعیت شبان اہلحدیث کے نگران شیخ محمد اسحاق نے دیگر اساتذہ کرام اور طلباء کے ہمراہ ان کا استقبال کیا۔ مہمانوں نے پہلے نماز مغرب جامعہ میں باجماعت ادا کی۔ ازاں بعد جامعہ کے دفاتر، ہاسٹل اور لائبریری کا دورہ کیا۔ جامعہ کی وسیع اور جدید ترین سہولتوں سے آراستہ لائبریری میں مہمانوں نے گہری دلچسپی لی، خصوصاً "قسم المخطوطات" میں انہوں نے کافی وقت گزارا، جہاں رئیس "مجلس التحقیق الاثری" اور "قسم المخطوطات" کے انچارج جناب حافظ ثناءاللہ زاہدی نے معزز مہمانوں کو صدیوں پرانے اور نادر و نایاب قلمی نسخے دکھائے، نیز ان کی اہمیت بیان کی بعد ازاں وزیر تعلیم نے علامہ محمد مدنی کے ساتھ باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت کی —— مہمانوں نے جامعہ کی دو ایکڑ قطعہ اراضی پر پھیلی ہوئی سہ منزلہ، جدید ترین، شاندار عمارت کی تعمیر پر دلی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے جامعہ کے بانی حضرت مولانا حافظ عبدالغفور جہلمیؒ کے لیے دعائے مغفرت کی اور کہا کہ دینی خدمات کے لیے مولانا مرحوم کی کوششوں سے قائم شدہ یہ ادارے ان شاءاللہ ان کے لیے صدقہ جاریہ ہیں، اللہ تعالیٰ انہیں اس کا اجر جزیل عطا فرمائے۔ آمین!

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## علامہ محمد مدنی کو جامعہ سلفیہ بنارس (انڈیا) کی سیرت کانفرنس میں شرکت

## اور امریکہ کے دورے کی دعوت

قائد تحفظ حرمین شریفین موومنٹ، رئیس التحریر ماہنامہ "حرمین" اور رئیس جامعہ علوم اثریہ جناب علامہ محمد مدنی کو جامعہ سلفیہ بنارس (انڈیا) کی سیرت کانفرنس میں شرکت اور امریکہ کے دورے کی دعوت موصول ہوئی ہے ۔۔۔۔ جامعہ سلفیہ بنارس مختلف اسلامی موضوعات پر عالمی کانفرنسیں منعقد کرانے کا منفرد اعزاز رکھتا ہے۔ اس دفعہ بھی کانفرنس میں امام کعبہ الشیخ محمد عبداللہ السبیل، ڈاکٹر صالح بن عبداللہ بن حمید، مدینہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر عبداللہ صالح العبید اور دیگر عرب ممالک سے ممتاز علماء و مشائخ کی شرکت متوقع ہے۔

## الشیخ حبیب اللہ السندیؒ کی وفاتِ حسرت آیات پر

## علامہ محمد مدنی کا اظہارِ تعزیت

رئیس التحریر "حرمین" علامہ محمد مدنی نے اپنے ایک طویل اخباری بیان میں مشہور رسکالر، محقق، مفتیٔ اعظم سعودی عرب الشیخ ابن باز حفظہ اللہ کے برِصغیر پاک و ہند کے لیے خصوصی نمائندے الشیخ عبدالقادر السندی پروفیسر مدینہ یونیورسٹی کے والدِ بزرگوار الشیخ حبیب اللہ السندی کی مدینہ منورہ میں وفات پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور ان کے زہد و تقویٰ، نیز ان کی شاندار اسلامی خدمات پر انہیں خراجِ تحسین پیش کیا ہے ۔۔۔۔ چونکہ اہل حدیث جہلم میں ان کی غائبانہ نمازِ جنازہ بھی ادا کی گئی ۔۔۔۔ اللّٰھم اغفرلہ وارحمہ وعافہ واعف عنہ!

© rasailojaraid.com